## سوال

صف کے پیچھے اکیلے نماز جائز ہے

## جواب

صف کے پیچھے اکیلے نماز پڑھنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ صف کے پیچھے اکیلے نماز پڑھنا کیسا ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! ایسے شخص کو چاہئے کہ صف میں دائیں بائیں کھڑا ہونے کی جگہ تلاش کرے ۔ بصورتِ دیگر امام کی دائیں جانب کھڑا ہوجائے ۔ یہ بھی نا ممکن ہو تو صف سے آدمی کھینچ لے، اگرچہ حدیث ضعیف ہے لیکن ابن عباسؓ کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نمازِ تہجد والی روایت سے اتنی سی حرکت کا جواز معلوم ہوتا ہے ۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (12122)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/12122/0/ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث